حالت احرام میں جھگڑا کرنے کا حکم

مجیب: مولانا محمد شفیق عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3305

تاریخ اجراء: 27 جمادی الاولی 1446ھ / 30 نومبر 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

حالت احرام میں جھگڑا کرنے پر کیا کفارہ ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

گناہ کے کام اور لڑائی جھگڑا تو ہر جگہ ہی ممنوع ہے لیکن چونکہ حج و عمرہ بہت ہی عظیم اور مقدس عبادات ہیں، نیز حج و عمرہ کا سفر ادب، احترام، تعظیم، بندگی، محبت، وارفتگی اور اطاعت کا سفر ہے، جس میں ہر قدم پر شرعی احکام کے زیور سے آراستہ رہنے کا حکم ہے، اسی لئے قرآن کریم میں اللہ پاک نے بطور خاص حاجی کو تاکید فرمائی کہ نہ کسی گناہ کا ارتکاب کرے اور نہ ہی کسی سے بھی دنیاوی معاملے میں جھگڑا کرے، اس لئے اس سفر کو گناہوں سے آلودہ کرنا اور لڑائی جھگڑا کرنا سخت معیوب اور نہایت ناپسندیدہ ہے۔ البتہ کسی نے حالت احرام میں لڑائی، جھگڑا کر لیا تو اس پر کوئی مالی کفارہ نہیں لیکن اس دوران جن گناہوں کا ارتکاب ہوا، ان سے معافی مانگنا ضروری ہے، حق العبد تلف ہوا تو اس کی بھی تلافی ضروری ہے۔

اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے: ﴿اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ۚ فَمَنْ فَرَضَ فِیْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَ لَا فُسُوْقَ ۙ وَ لَا جِدَالَ فِی الْحَجِّ﴾ ترجمہ کنزالعرفان: حج چند معلوم مہینے ہیں تو جو اِن میں حج کی نیت کرے تو حج میں نہ عورتوں کے سامنے صحبت کا تذکرہ ہو اور نہ کوئی گناہ ہو اور نہ کسی سے جھگڑا ہو۔ (پارہ 2، سورۃ البقرۃ، آیت 197)

اس کے تحت تفسیر صراط الجنان میں ہے "جو شخص احرام باندھ کر یا ہَدی کا جانور چلا کر حج کو اپنے اوپر لازم کر لے اس پر یہ چیزیں لازم ہیں:

(1) رفث سے بچنا۔ رَفَث سے مراد ہے، ہم بستری کرنا یا عورتوں کے سامنے اس کا ذکر کرنا یا فحش کلام کرنا۔ (2) فسوق سے بچنا۔ فسق کا معنٰی ہے گناہ اور برائی کے کام۔ (3) جدال سے بچنا۔ جِدال سے مراد ہے، اپنے ہم سفروں سے

یا خادموں سے یا غیروں کے ساتھ جھگڑنا۔ یاد رہے کہ گناہ کے کام اور لڑائی جھگڑا تو ہر جگہ ہی ممنوع ہے لیکن چونکہ حج ایک عظیم اور مقدس عبادت ہے اس لئے اس عبادت کے دوران ان سے بچنے کی بطورِ خاص تاکید کی ہے۔ (تفسیر صراط الجنان، جلد 01، صفحہ 357، 358، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net